سوال

رکوع میں ملنے سے رکعت ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاامام کے ساتھ رکوع میں ملنے سے رکعت ہوجاتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص رکوع میں مل جائے اور سورہ فاتحہ نہ پڑھ سکے تو اس کی وہ رکعت نہیں ہوتی کیونکہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جہری نماز کے مقتدیوں کو فرمایا: «لاتفعلواالابام القرآن فانہ لاصلوة لمن لم یقرابہا»

تم سورہ فاتحہ کے علاوہ اورکچھ نہ پڑھو، کیونکہ یقیناً جو شخص سورہ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔(کتاب القرات للبیہقی ص64 ح121 وقال: ھذااسناد صحیح)

تفصیل کےلیے دیکھئے ماہنامہ شہادت (ج6 شمارہ 11 نومبر 1999ء ص33) (شہادت جنوری 2000ء)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص373

محدث فتویٰ